Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۴۴ھ مطابق ۸ فروری ۱۹۲۶ء | جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت منصرم محتاج خانہ	۱ و ۲
۲	اضافہ تنخواہ یا تکمیل ملک	۲
۳	بابت حصول اطمینان ضمانت دیانت مستاجری	۳
۴	اضافہ سب انسپکٹران پولیس	۳
۵	اعلان کتب جدید الطبع	۳
۶	نقشہ زنانہ اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت دس یوم منصرم محتاج خانہ بکار کردگی منصرم گاؤخانہ از ۳ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

بوجب رپورٹ رخصت مطلوبہ دس یوم منصرم مصالح خانہ بذمہ داری منصرم گاؤخانہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
اضافہ

۲۷ر جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک مصدقہ حاکم صاحب صدر دربارۂ اضافہ تنخواہ سے میان جان خان محرر مال تحصیل ملک بوجہ حسن انجام دہی خدمت۔

حکم

حسب سفارش تحصیلدار صاحب ملک میان جان خان محرر مال ملک کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۳۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

نوٹ کمیٹی سے بربنائے رپورٹ دو اصلاع پولیس صدر واضح ہوا کہ دیہات مستاجری میں حصول اطمینان ضمانت کا طرز عمل یہ ہے کہ موضع کی جمع مال اور ابواب کے مجموعہ پر تکمیل کرائی جاتی ہے۔ چوکیدارہ اور پرتہ آب کی رقم متعلق رہتی ہے۔ یہ طرز عمل اس زمانہ سے چلا آتا ہے جب چوکیدارہ کی رقم شامل مالگزاری نہیں لگتی۔ اب چوکیدارہ کی رقم جزو مالگزاری ہوگئی ہے اور وہ پرتہ آب جو بشرح ۱/۲ فیصدی پرتہ والے دیہات پر قائم ہے وہ بھی جزو مالگزاری ہے۔ ان رقموں کا تکمیل ضمانت سے مستثنےٰ رہنا قاعدہ اور اصول کے خلاف ہے اور اب چند سال سے طریقہ تشخیص جاری ہوکر بالمقطع تجویز کیا گیا ہے اور عام جلسۂ نیلام میں بھی دیہات بالمقطع جمع پر نیلام ہوتے ہیں اور بعض ترتیب توزیعات کی ضرورت سے تفریق مال۔ ابواب۔ چوکیدارہ۔ پرتہ آب کیجاتی ہے۔ اُن پر بھی لازم ہے کہ جس جمع بالمقطع پر بولی ختم ہو اسی جمع کی تکمیل ضمانت کرائی جائے (یعنی مال۔ ابواب۔ چوکیدارہ۔ پرتہ آب جس موضع میں مقرر ہو) نوٹ کمیٹی ملاحظہ ہوکر حکم ہوا کہ رائے کمیٹی سے اتفاق ہے۔ ہر موضع کی جمع مال و ابواب و چوکیدارہ و پرتہ آب وغیرہ کل کے مجموعہ کی تکمیل ضمانت کی امانت نقد یا جائداد سے حسب ضابطہ ہونا چاہئے۔ اسوقت جو ایسے دیہات تکمیل طلب ہیں انکی مکمل تکمیل کرائی جائے۔ اور آیندہ سے جملہ دیہات میں مجموعہ کی تکمیل کیجایا کرے۔ مکمل شدہ دیہات میں کسی ترمیم و تجدید کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا احکام ضابطہ بنام تحصیلدار صاحبان و رسالدار صاحب دو اصلاع پولیس صدر و حاکم صاحب صدر جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل فائل بک میں چسپاں کیجائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲ر فروری ۱۹۲۶ء

شمس الدین خان سب انسپکٹر کے جو بیس روپیہ ماہوار تنزل ہوئے ہیں صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے یہ بیس روپیہ تنزل شدہ حسب ذیل سب انسپکٹران کی تنخواہ میں اضافہ کئے جانیکی رپورٹ کی ہے۔

الطاف حسین خان سب انسپکٹر انچارج متعینہ شاہ آباد مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کے دس روپیہ ماہوار اضافہ ہوکر پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ کیجائے۔ سید علی جواد سب انسپکٹر انچارج ٹنڈوائی مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار کے دس روپیہ ماہوار اضافہ ہوکر چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ کیجائے۔

لہذا حکم ہوا کہ

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بیس روپیہ ماہوار تنزل شدہ از تنخواہ شمس الدین خان دس روپیہ ماہوار الطاف حسین خان سب انسپکٹر کے تنخواہ میں اور دس روپیہ ماہوار علی جواد سب انسپکٹر کی تنخواہ میں اضافہ کیا جائے۔ احکام جاری ہوں۔ علی جواد سب انسپکٹر ٹنڈوائی کو جو دس روپیہ ماہوار الاؤنس انچارجی مل رہا ہو وہ بند کیا جائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہیں۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے قیمت [illegible]

التوحید۔ یہ کتاب جامع عباسی کی جلد دوم کا پہلا حصہ ہے [illegible]

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع عباسی کے ملحقات [illegible]

ذو الفقار حسین مہتمم تاریخ ریاست رامپور

مطبوعہ ۸ فروری ۱۹۲۶ء جلد ۳۹

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا یکم لغایت ۷ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰¾	۱۵	۱۵	۱۰¾	۱۵	۱۵	
نخود خالص	۱۰½	۱۰۶	۱۰۶	۱۰۶	۱۰۶	۱۰۶	
نخود کتہ آمیز	۱۷	۱۷	۱۷	۱۰¾	۔	۱۰½	
کتہ	۱۰۸	۱۰۸	۱۸	۱۷	۔	۱۸	
ماش	۵	۱۰۵	۱۰۵	۱۰۵	۱۰۵	۱۵	
مونگ	۱۰¾	۱۵	۱۵	۔	۔	۱۵	
مکا	۱۲	۱۰۲	۱۲	۱۶	۱۶	۱۶	
جئی	۱۰۵	۔	۔	۱۸	۔	۱۵	
گوجئی	۱۶	۔	۔	۱۸	۔	۱۸	
عدس	۱۵	۔	۔	۔	۔	۱۶	
ارہر	۱۳	۱۰۵	۔	۔	۔	۱۹	
برنج	۱۰¾	۱۰۳	۱۰۳	۵	۔	۱۵	
روغن زرد	۵ چھٹانک	۶ چھٹانک	۸ چھٹانک	۶ چھٹانک	۱۰	۶ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱ ۲	۱ ۲	۱	۱ ۲	۱ ۲	۱ ۰	
روغن کنجد	۱ ۲	۱۲	۱۱	۳ ۰ ۲	۔	۱۱	
نمک سانبھر	۱۲	۱۰	۱۲	۱۱	۱۱	۱۲	
نمک لاہوری	۶	۷	۶	۵	۔	۸	
قند سیاہ	۴	۳	۱۰۴	۵	۵	۵	
باجرہ	۱۵	۱۶	۔	۱۶	۔	۔	دیگر تحصیلوں سے اطلاع نہیں آئی

مطبوعہ مطبع سرکاری پریس ریاست رامپور